## سوال

(282)زید مسجد میں سوگیا اور احتلام ہوگیا  الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید مسجد میں سوگیا اور احتلام ہوگیا۔ اب زید مسجد میں بغیر غسل سو رہے یا اول غسل کرے پھر سو جائے۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنب ہوجانے کے بعد فوراً مسجد سے نکل جائے۔ غسل کرکے پھر آئے۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔

"لا احل المسجد لحائض ولا جنب" (ابوداود)

بعض علماء جنبی کو وضو کرلینے کے بعد مسجد میں ٹھرنا جائز کہتے ہیں۔ منہم امام احمدؒ (نیل) حنفیہ کے نزدیک احتلام کے بعد تیمم کرکے مسجد سے باہر نکلے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد01ص484**

محدث فتویٰ